## میرا تو پہلے ہی سے ایک مستقل ڈاکٹر ہے، مجھے کیا کرنا ہوگا؟

اگر آپ ایک ہی ڈاکٹر کے پاس کئی سالوں سے جا رہے / رہی ہیں تو آپ کو اس کا نام نمبر اور جتنے سال سے آپ اس کے پاس جا رہے / رہی ہیں بتانا ہوگا۔ اگر آپ کو اس ڈاکٹر کا نام فہرست پر نہ ملے تو معلوماتی فون نمبر (ڈاکٹروں کی فہرست نکتہ الف) پر فون کیجیے۔ آپ اپنے مقامی trygdekontor یا انٹرنیٹ کے ذریعے بھی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

(www.fastlegeordningen.dep.no)

## اگر میں جواب نہ دوں تو کیا ہوگا؟

آپ کو آپ کے گھر کے قریب از خود ایک ڈاکٹر دے دیا جائے گا۔

## میرے بچوں کے ساتھ کیا معاملہ ہوگا؟

یکم مارچ 1985 یا اس کے بعد پیدا ہونے والے بچوں کو اندراج اسی فارم پر ہے جس پر ماں کا نام درج ہے۔ اگر بچوں کا اندراج اس جگہ پر ہے جہاں باپ رہائش پذیر ہے تو بچوں کا اندراج باپ کے فارم پر ہوگا۔ بچے اسی ڈاکٹر کے پاس جائیں گے جس کے پاس وہ شخص جائے گا جس کے فارم پر ان کا اندراج ہوگا۔ اگر آپ بچوں کے لیے کسی اور ڈاکٹر کا انتخاب کرنا چاہتے / چاہتی ہوں تو جواب دیتے وقت ہمیں اس کی اطلاع کیجیے۔ بچوں کو مستقل ڈاکٹر کے نظام سے باہر رکھنا بھی ممکن ہے۔

## مشترکہ فہرست (fellesliste) کیا ہے؟

مستقل ڈاکٹر تنہا یا دیگر ڈاکٹروں کے ساتھ مل کر ایک میڈیکل سنٹر میں کام کر سکتے ہیں۔ بعض میڈیکل سنٹرز پر مستقل ڈاکٹروں نے ایک مشترکہ فہرست پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کا معاہدہ کر لیا ہے۔ مشترکہ فہرست پر درج ڈاکٹروں کو مشترکہ فہرست پر درج شہریوں کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ اگر آپ مشترکہ فہرست کے نمبر legenummer کا انتخاب کریں تو آپ کو اس فہرست پر درج ڈاکٹروں میں سے ایک ڈاکٹر دیا جائے گا۔